دفتر ڈائریکٹر پبلک آرڈر CPO

فون نمبر:- 99212639

محرم الحرام کی آمد پر سیکیورٹی کے غیر معمولی اقدامات کو یقینی بنایا جائے :- آئی جی سندھ

کراچی 31 دسمبر 2013ء :- انسپکٹر جنرل پولیس سندھ فیاض احمد الغاری نے ہدایات جاری کیں ہیں کہ محرم الحرام کی آمد اور اس مناسبت سے ہونے والے جلوس اور بالخصوص کراچی حیدرآباد و دیگر بڑے شہروں میں استحکام امن اور عوام الناس کی جان و مال کی سلامتی کے لیے تمام متعلقہ اضلاع پولیس، کرائم برانچ، اسپیشل برانچ، سی آئی ڈی، اے وی سی، ایس آئی یو وغیرہ مربوط رابطوں کے تحت غیر معمولی اقدامات اختیار کریں اور اس سلسلے میں قانون نافذ کرنیوالے دیگر اداروں اور انٹیلی جنس ایجنسیوں سے بھی معلومات کے حصول و تبادلوں کو ممکن بنایا جائے

انہوں نے ہدایات دیں تمام پبلک مقامات بشمول تفریحی پارکس، ساحل سمندر معروف شاہراہوں، شاپنگ سینٹرز، فاسٹ فوڈ چینز، ڈپارٹمنٹل اسٹورز وغیرہ پر سیکیورٹی کے غیر معمولی اقدامات کے تحت نمایاں مقامات پر پولیس ڈپلائمنٹ، موبائل موٹر مائیکل گشت پولیس پکٹنگ اور رینڈم اسنیپ چیکنگ کو انتہائی موثر اور ٹھوس بنانیکے علاوہ اہم سرکاری و نجی املاک اور حساس تنصیبات پر بھی سیکیورٹی کو مزید سخت بنایا جائے

آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ پولیس سیکیورٹی کے تمام امور میں قانون پسند شہریوں کا احترام اور چادر و چار دیواری کے تقدس کا خیال رکھیں

انہوں نے تمام ایس ایچ اوز کو احکامات جاری کیے کہ نئے سال کی آمد کے موقع پر سیکیورٹی اقدامات پر عمل درآمد کو یقینی بنانیکے لیے علاقوں میں سرکاری موبائلوں پر اپنی موجودگی اور تعینات پولیس افسران و اہلکاروں کی وقتاً فوقتاً چیکنگ اور مرلینگ کے عمل کو بھی ممکن بنائیں گے۔

#

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

فون نمبر 99212639

سندھ پولیس کے زیر تربیت اہلکاروں کے لیے اسٹیٹ آف آرٹ ٹریننگ ماڈیول متعارف کیا جا رہا ہے

کراچی 28 دسمبر 2012ء :- زیر تربیت پولیس اہلکاروں کی استعدادی صلاحیتوں کو تقویت دینے کے ضمن میں سندھ پولیس کے تربیت کے نظام میں عملی اصلاحات لائی جا رہی ہیں جس کے تحت پروبیشنرز اور پروفیشنل اسپیشلائزڈ کورسز کے لیے اسٹیٹ آف آرٹ ٹریننگ سسٹم متعارف کیا جا رہا ہے۔

پولیس کی تربیت کے جملہ امور کو دور حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے متذکرہ اقدامات آئی جی سندھ فیاض احمد لغاری کی خصوصی ہدایات کے پیش نظر کیے جا رہے ہیں۔ جبکہ تربیتی سسٹم میں عملی اصلاحات کے حوالے سے ٹاسک ایڈیشنل آئی جی سندھ محمد رفیق حسن کو دیا گیا ہے جس پر انہوں نے صوبہ سندھ میں قائم تمام پولیس ٹریننگ سینٹرز بشمول پی ٹی سی سعید آباد، شہید بینظیر بھٹو ایگلیٹ پولیس ٹریننگ سینٹر رزاق آباد، آر ٹی سی جام نواز علی، ایس سی ٹی سی سکرنڈ، پی ٹی سی شہداد پور، آر ٹی سی خیرپور، پی ٹی سی لاڑکانہ، اور آر ٹی سی بدین کے سربراہان / پرنسپلز سے باقاعدہ کانفرنس کے انعقاد کے انتظامات کر لیے ہیں۔

متذکرہ کانفرنس مورخہ 02 جنوری 2013ء بروز بدھ بوقت دس بجے صبح سینٹرل پولیس آفس کراچی میں منعقد کی جا رہی ہے جس میں ٹریننگ سسٹم و ماڈیول کی اپ گریڈیشن کے تمام ممکنہ پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کے ساتھ ساتھ شرکاء کو موجودہ ٹریننگ پروگرام میں انکے تجربات، سپورٹ وغیرہ کی شیئرنگ کے مواقع بھی میسر آسکیں گے۔

#

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

فون نمبر 99212639

شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے 269 ویں عرس کی تقریبات کے حوالے سے پولیس کو غیر معمولی سیکیورٹی اقدامات کی ہدایات جاری کردی گئیں۔

کراچی، 27 دسمبر 2012ء: انسپکٹر جنرل پولیس سندھ فیاض احمد لغاری نے پولیس کو ہدایات جاری کیں ہیں کہ شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے عرس کے موقع پر سیکیورٹی کے غیر معمولی اقدامات کیے جائیں۔

افول نے کہا کہ سالانہ عرس کی تقریبات میں عقیدت مندوں اور زائرین کی کثیر تعداد میں شرکت کے پیش نظر عرس کے مقام، مزار کی جانب جانیوالے روٹس داخلی خارجی پوائنٹس اور اطراف کے علاقوں میں متعلقہ تھانہ جات کے تحت نمایاں مقامات پر پولیس ڈپلائمنٹ، سادہ لباس میں اہلکاروں کی تعیناتی، موبائل موٹر سائیکل پیٹرولنگ اور اسنیپ چیکنگ کے ساتھ ساتھ ناکہ بندی، کڑی نگرانی اور چیکنگ کے عمل کو بھی مؤثر بنایا جائے۔ افول نے ہدایات جاری کیں کہ مزار سے ہر قسم کی پارکنگ کو مناسب فاصلوں پر رکھا جائے اور پارکنگ ایریاز کے علاوہ دیگر پر ہجوم مقامات کی بم ڈسپوزل اسکواڈ سے سوئپنگ اور کلیئرنس کو بھی یقینی بنایا جائے۔

افول نے مزید کہا کہ عرس کی تقریبات کی مناسبت سے شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے مزار کے اطراف میں قائم چھپرا ہوٹلوں، چائے کے اسٹالز، فروٹس وغیرہ کے عارضی اسٹالوں اور بالخصوص مرکزی گذرگاہ پر مشکوک سرگرمیوں، مشتبہ عناصر، گاڑیوں، بیگ، بریف کیس وغیرہ دکھائی دینے یا اس حوالے سے ملنے والی اطلاع پر فوری تمام ضروری پولیس اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

فون نمبر:- 99212639

پولیس کے تین شہید اہلکاروں کی نماز جنازہ میں سینئر پولیس افسران کی شرکت۔

کراچی، 26 دسمبر 2012ء:۔ کراچی پولیس کے شہید اہلکاروں عمران، وحید خان اور سلیم کی گارڈن پولیس ہیڈ کوارٹرز ساؤتھ میں پڑھائی جانیوالی نماز جنازہ میں ڈی آئی جی ساؤتھ شاہد حیات، ڈی آئی جی ویسٹ آصف اعجاز شیخ، ڈی آئی جی ایڈمن عمران یعقوب منہاس ڈی آئی جی سی آئی اے منظور مغل، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ڈاکٹر امین یوسف زئی اور ڈی آئی جی ٹریفک خرم گلزار سمیت دیگر سینئر پولیس افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر پولیس کے خصوصی دستے نے شہداء کو سلامی دی۔

نماز جنازہ میں شریک سینئر پولیس افسران نے شہید پولیس اہلکاروں کی جرأت و بہادری کو سراہتے ہوئے خراج عقیدت جبکہ انکے اہل خانہ سے تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ افسران نے کہا کہ امن و امان کے قیام اور عوام الناس کی جان و مال کی حفاظت کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والے پولیس افسران و اہلکاروں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ سندھ پولیس کی تاریخ میں انکے نام سنہری حروفوں سے لکھے جائیں گے۔

اس موقع پر شہداء پولیس کے ورثاء کو محکمہ پولیس کی جانب سے تمام ممکنہ امداد دینے کا اعلان کیا گیا۔

#

IGP OPERATIONS ROOM

Annual I.R.	12766	Serial No.	09/C/26/12/12	SMS	YES	NO

IGP SINDH	ADDL: IGP SINDH	ADDL:IG CID	DIG HQ	AIGP OPS	DSP CRIME	DSP OPS

DSR	SHIFT FILE	Range District wise entry

Date: 26.12.2012	Time: 1035 hours

1	SOURCE OF INFORMATION:	**Police Control Karachi**
2	REGION	Karachi
3	DIVISION	..
4	POLICE STATION	..
5	INFORMATION RECEIVED	Incharge informed that Funeral Prayer of Martyred PC's 1.PC Imran 2.PC Waheed 3.PC Saleem who was martyred in the incident of attack on Molana Orangzaib Farooqi their Funeral Prayer will be offered at 1400 hours, in PHQ Garden.
CONFIRMATION OF INFORMATION:		
6	SOURCE OF INFORMATION	
7	FURTHER DETAILS	

INCHARGE Shift-A
IGP OPERATIONS ROOM

دفتر ڈائریکٹر پبلک آرڈر CPO

فون نمبر:- 99212639

(5 دن)

شہید بینظیر بھٹو کی پانچویں برسی پر صوبے بھر میں سیکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات کیے جائیں، آئی جی سندھ

کراچی، 26 دسمبر 2012ء۔ انسپکٹر جنرل پولیس سندھ فیاض احمد لغاری نے پولیس کو ہدایات جاری کیں ہیں کہ شہید بینظیر بھٹو کی 5 ویں برسی کے موقع پر صوبے بھر میں امن و امان کی صورتحال پر کنٹرول اور عوام الناس کی جان و مال کے تحفظ کے ضمن میں سیکیورٹی کو نہ صرف غیر معمولی بنایا جائے بلکہ تمام تر اقدامات پر عمل درآمد کو بھی یقینی بنایا جائے

اُنھوں نے کہا کہ برسی کے موقع پر ملک بھر سے عوام قافلوں کی صورت میں گڑھی خدا بخش آئیں گے لہٰذا پولیس دیگر صوبوں سے سندھ میں داخل ہونیوالے راستوں پر کڑی نگرانی و چیکنگ موثر بنانیکے ساتھ ساتھ ہائی ویز اور ہائی ویز سے ملنے والی شاہراہوں ذیلی سڑکوں اور دیگر روٹس پر بھی گشت بڑھانے اور اسنیپ چیکنگ کے عمل کو انتہائی ٹھوس بنائے جبکہ ہائی ویز پر قائم چیک پوسٹس پر بھی متعلقہ پولیس افسران و اہلکاروں کی تعیناتی کو یقینی بنایا جائے

اُنھوں نے کہا کہ گڑھی خدا بخش کے قبرستان اور بالخصوص قائد عوام اور شہید جمہوریت کے مقبروں کے اطراف ہر قسم کی پارکنگ ممنوع رکھی جائے جبکہ پارکنگ سائٹس کو مناسب فاصلوں پر رکھنے کے علاوہ پارکنگ لاٹس پر متعلقہ پولیس اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کی ڈپلائمنٹ کو بھی ممکن بنایا جائے۔

اُنھوں نے ہدایات دیں کہ گڑھی خدا بخش کو جانیوالے تمام سڑکوں راستوں پر متعلقہ قافلوں کے سیکیورٹی افسران سیکیورٹی و نگرانی کے تمام امور کے علاوہ مشتبہ مشکوک عناصر و گاڑیوں پر کڑی نگاہ رکھنے کے لیئے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنائیں گے۔

اُنھوں نے کہا کہ انٹیلی جنس نیٹ ورک کو فعال بنایا جائے اور معلومات کے حصول تبادلوں اور تمام تر معلومات کو فالو کرنیکے سلسلے میں بالخصوص گڑھی خدا بخش اور اطراف کے علاقوں میں سادہ لباس اہلکاروں کو متحرک رکھنے کے لیئے ضروری انتظامات کیے جائیں۔

#

دفتر ڈائریکٹر پبلک افیئرز CPO

فون نمبر:- 99212639

قائداعظم کے یوم پیدائش اور کرسمس 2012 کے موقع پر موبائل چوری سیکیورٹی کے غیر معمولی اقدامات کیے جائیں:۔ آئی جی سندھ

کراچی، 23 دسمبر 2012ء:۔ انسپکٹر جنرل پولیس سندھ فیاض احمد لغاری نے پولیس کو ہدایات جاری کیں ہیں کہ قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش اور کرسمس 2012 کے موقع پر موبائل چوری میں سیکیورٹی کے غیر معمولی اقدامات کیے جائیں

انہوں نے ہدایات دیں کہ کرسمس کے موقع پر موبائل کے تمام گرجا گھروں، مشنری اسکولوں اور کرسچن کمیونٹی کے دیگر حساس مقامات کی فہرستوں کے مطابق سیکیورٹی کے ٹھوس اقدامات کیے جائیں اور اس ضمن میں گرجا گھروں کے منتظمین سے باقاعدہ اجلاس و مشاورت کے عمل کو یقینی بنایا جائے

انہوں نے کہا کہ کرسمس کی تقریبات کے آغاز تا اختتام تمام تھانوں کے سپروائزری افسران سرکاری موبائلوں پر موجود رہیں گے اور متعلقہ وائرلیس بیس سے مسلسل رابطے میں رہتے ہوئے اپنی اپنی حدود میں سیکیورٹی اقدامات و صورتحال نوٹ کریں گے

آئی جی سندھ نے مزید ہدایات میں کہا کہ 25 دسمبر کو قائداعظم کے یوم پیدائش پر حکومتی شخصیات کے علاوہ سیاسی لیڈروں کی کثیر تعداد بھی مزار قائد پر خراج عقیدت کے لیے آتے ہیں لہٰذا سیکیورٹی اقدامات کے پیش نظر مزار قائد کے اندرونی حصوں، مرکزی دروازوں اور اطراف میں پولیس کی بھاری نفری کی تعیناتی کے لیے تمام ضروری انتظامات کیے جائیں جبکہ بم ڈسپوزل عملے سے سویپنگ اور کلیئرنس کے عمل کو بھی یقینی بنایا جائے

انہوں نے کہا کہ قائداعظم کے یوم پیدائش اور کرسمس 2012 کے اہم مواقعوں پر تمام علاقوں میں وسیع اسنیپ چیکنگ، پٹرولنگ، موبائل، موٹر سائیکل اور پیدل گشت کو انتظامی مربوط اور موثر بنایا جائے جبکہ کڑی نگرانی اور دیکھ کے سلسلے میں سادہ لباس اہلکاروں کی خصوصی ذمہ داریاں سونپی جائیں تاکہ پیشگی معلومات کے حصول اور تباہیوں سے انسداد جرائم بروقت کیا جاسکے۔

ڈائریکٹر پریس CPO

021-99212639.

آئی جی سندھ کا امن و امان کے حوالے سے اجلاس

کراچی دسمبر 22، 2012ء آئی جی سندھ فیاض احمد لغاری کی صدارت میں سینٹرل پولیس آفس کراچی میں امن و امان کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی سندھ، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک، ایڈیشنل آئی جی اسپیشل برانچ، ایڈیشنل آئی سی آئی ڈی، ایڈیشنل آئی جی کراچی، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر، ڈی آئی جی لاء اینڈ آرڈر، ڈی آئی جی RRF، ڈی آئی جی CID، ڈی آئی جی ایڈمن کراچی، ڈی آئی جی اسپیشل برانچ، ڈی آئی جی SRP کے علاوہ SSP، ایس ایس پو مقصود میمن اور دیگر سینئر پولیس افسران نے شرکت کی۔

آئی جی سندھ نے کرسمس، قائداعظم کے یوم پیدائش، یوم شہادت بینظیر بھٹو، شاہ عبداللطیف بھٹائی کے عرس کی تقریبات اور چہلم امام حسینؑ کے سلسلے میں سرتب سیکیورٹی پلاننز کا تفصیلی طور پر جائزہ لیا اور افسران کو موقعہ پر ہی ہدایات جاری کیں۔

//